# 02-01-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔کاشتکاری کرنے والے تمام کسانوں کو ریّتو بھروسہ کے تحت امداد فراہم کرنے کا بینی سب کمیٹی کا فیصلہ۔

۲۔مرکزی وزیر فینانس نرملا سیتارمن نے مرکزی بجٹ 26-2025ء کی تیاری کے سلسلہ میں مالیاتی شعبہ اور کیپٹل مارکٹس کے نمائندوں کے ساتھ آج دہلی میں ساتویں اجلاس کی صدارت کی۔

۲۔ راشٹر پتی بھون میں زراعت اور کسانوں کی بہبود کی وزارت اور محکمہ ثقافت کے ساتھ مل کر حیدرآباد کے بولارم میں واقع راشٹر پتی نیلائم میں اودیان اتسو کے نام سے پھولوں اور ہارٹیکلچر کا ایک میلہ منعقد کیا۔

اور

۴۔ارجن ایوارڈ پانے والے 32 کھلاڑیوں میں دو تلگو اتھلیٹس بھی شامل ہیں۔

○○

مرکزی وزیر فینانس نرملا سیتارمن نے مرکزی بجٹ 26-2025ء کی تیاری کے سلسلہ میں مالیاتی شعبہ اور کیپٹل مارکٹس کے نمائندوں کے ساتھ آج دہلی میں ساتویں اجلاس کی صدارت کی۔مرکزی فینانس سکریٹری، سکریٹری دِپَم، معاشی امور کے محکمہ کے سکریٹری اور چیف اکنامک اڈوائزر نے شرکت کی۔اس سے قبل سیتارمن نے ریاستوں اور مرکزی زیرانتظام علاقوں کے وزرائے فینانس، صنعت کے نمائندوں، شعبہ صحت اور تعلیم، کسانوں کی مختلف تنظیموں اور ممتاز ماہرین زرعی معیشت کے ساتھ اجلاس کی صدارت کی۔توقع ہے کہ سال 26-2025ء کا مرکزی بجٹ اس سال یکم فروری کو پیش کیا جائے گا۔یہ وزیر فینانس سیتارمن کا مسلسل آٹھواں بجٹ ہوگا۔

○○

قومی اسپورٹس ایوارڈ کا اعلان آج اعلان کردیا گیا۔عالمی چیس چمپئن ڈی گوکیش، پیرس اولمپکس کی ڈبل میڈلسٹ مانو بھاکر، قومی ہاکی ٹیم کی کپتان ہرمت پریت سنگھ اور پیرس پیرااولمپکس کے گولڈ میڈلسٹ پروین کمار کو میجر دھیان چند کھیل رتنا ایوارڈز پیش کئے جائیں گے۔32 کھلاڑیوں کو ارجنا ایوارڈس دئے جائیں گے۔ان تمام کھلاڑیوں کو اِس ماہ کی 17 تاریخ کو راشٹر پتی بھون میں منعقد ہونے والی ایک خصوصی تقریب میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو ایوارڈ پیش کریں گی۔ایوارڈز کی سلیکشن کمیٹی کے سربراہ سپریم کورٹ کے سابق جج وی راما سبرامنین تھے اور اس کمیٹی میں ممتاز کھلاڑی، اسپورٹس جرنلزم میں تجربہ رکھنے والی شخصیتیں اور اسپورٹ ایڈمنسٹریٹرز شامل تھے۔

○○

ایوارڈس پانے والے کھلاڑیوں میں دو تلگو اتھلیٹس بھی شامل ہیں۔آندھراپردیش اور تلنگانہ کے ایک ایک اتھلیٹ کو ارجن ایوارڈ حاصل ہوگا۔ آندھراپردیش میں وشاکھاپٹنم کی جوتی یاراجی اور تلنگانہ میں وارنگل کی دیپتی جیون جی کو یہ ایوارڈ حاصل ہوں گے۔

○○

سپریم کورٹ نے عبادتگاہوں سے متعلق قانون 1991ء پر عمل آوری کے سلسلہ میں مجلس اتحادالمسلمین کے صدر اسدالدین اویسی کی جانب سے دائر کی گئی عرضی کو اس معاملہ پر زیر التوا مقدمات کے ساتھ منسلک کرنے کی ہدایت دی ہے۔ 1991ء کے اس قانون کے تحت 15 اگست 1947ء کو عبادت گاہوں کی جو حیثیت تھی اس میں کسی بھی تبدیلی کو ممنوع قرار دیا گیا ہے۔ چیف جسٹس سنجیو کھنا اور جسٹس سنجے کمار پر مشتمل بنچ نے ہدایت دی کہ اویسی کی عرضی کو زیر التوا عرضیوں کے ساتھ جوڑ دیا جائے۔

OO

سماجی انصاف اور امپورمنٹ کے مرکزی وزیر ڈاکٹر وریندر کمار نے کہا ہے کہ حکومت خانہ بدوش اور نیم خانہ بدوش طبقات کی حالت کو بہتر بنانے کے لئے کام کرنے کی پابند ہے۔ دہلی میں آج ڈی نوٹیفائیڈ خانہ بدوش اور نیم خانہ بدوش طبقات کی بہبود سے متعلق اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے انہوں نے ریاستوں پر زور دیا کہ وہ مرکز کے ساتھ تال میل کریں تا کہ ان طبقات کو بنیادی سہولتوں سے محروم نہ ہونا پڑے۔ انہوں نے کہا کہ ان افراد کے پاس دستاویزات کا نہ ہونا ایک بڑا مسئلہ ہے کیونکہ انہیں مرکزی حکومت کی اسکیموں سے استفادہ کا موقع حاصل نہیں ہے۔

OO

راشٹر پتی بھون میں زراعت اور کسانوں کی بہبود کی وزارت اور محکمہ ثقافت کے ساتھ مل کر حیدرآباد کے بولارم میں واقع راشٹر پتی نیلائم میں اودیان اتسو کے نام سے پھولوں اور ہارٹیکلچر کا ایک میلہ منعقد کیا۔ میڈیا کے نمائندوں سے خطاب کرتے ہوئے اگریکلچرل اکسٹنشن سے جوائنٹ سکریٹری سیمول پروین کمار نے کہا کہ اس بارہ روزہ تہوار کے ذریعہ قدرتی تنوع اور ماحولیاتی توازن کو برقرار رکھنے میں باغبانی کے رول کے بارے میں بیداری پیدا کی جائے گی۔ ترقی پسند کسان چنتا پلی سریش نے موضوعاتی اسٹالس کا رسمی طور پر افتتاح کیا۔ اس فیسٹول کے تحت تقریباً 50 موضوعاتی اسٹالس قائم کئے گئے ہیں۔ اس موقع پر مختلف ثقافتی اور دیگر پروگرام منعقد کئے جائیں گے۔ راشٹر پتی نیلائم کی منیجر رجنی نے بتایا کہ اِس فیسٹول میں داخلہ مفت ہوگا۔ یہ میلہ اس مہینہ کی 13 تاریخ تک صبح 10 بجے سے رات 8 بجے تک کھلا رہے گا۔

OO

جوگولامبا گدوال ضلع میں سمگرا شکشا ابھیان کے ملازمین کی غیر معینہ مدت کی ہڑتال آج 24 ویں دن میں داخل ہوگئی۔ یہ ملازمین اپنی خدمات کو باقاعدہ بنانے اور تنخواہوں میں اضافہ کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ ایس ایس اے ملازمین نے جن میں خواتین بھی شامل ہیں اپنے احتجاج میں شدت پیدا کردی اور آج ونٹا وار پو پروگرام کے تحت سڑکوں پر پکوان کیا۔ نعرے لگاتے ہوئے ان ملازمین نے چیف منسٹر ریونت ریڈی سے اپیل کی کہ وہ اسمبلی انتخابات سے قبل کئے گئے وعدوں کی تکمیل کریں۔ ایس ایس اے ملازمین نے نارائن پیٹ میں کانگریس کے وزرا اور قائدین کے ماسک پہن کر انوکھا احتجاج کیا۔

OO

سینئر آئی اے ایس عہدیدار اور اسپیشل چیف سکریٹری اروند کمار اور ایچ ایم ڈی اے کے سابق چیف انجینئر بی ایل این ریڈی نے فارمولا ای ریس کیس میں انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ کے روبرو حاضر ہونے کے لئے مہلت مانگی ہے۔ ای ڈی نے فارمولا ای ریس کے انعقاد میں مبینہ بے قاعدگیوں کی تحقیقات کے سلسلہ میں ان دونوں کو طلب کیا تھا۔ بی ایل این ریڈی کو آج حاضر ہونے کی ہدایت دی گئی تھی جبکہ اروند کمار کو کل طلب کیا گیا تھا۔ دونوں نے شخصی وجوہات کی بنا پر ای ڈی کے سامنے حاضر ہونے کے لئے وقت طلب کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق ای ڈی ان دونوں کو تازہ نوٹس جاری کرے گی۔

○○

رعیتو بھروسہ پر کابینی سب کمیٹی کا اجلاس آج منعقد ہوا۔ اس اجلاس میں اس اسکیم پر عمل آوری کے لئے رہنمایانہ خطوط کو قطعیت دی گئی۔ سب کمیٹی اپنی رپورٹ کابینہ کو پیش کرے گی۔ اس اجلاس میں طئے کیا گیا کہ کاشت کرنے والے ہر کسان کو رعیتو بھروسہ کے تحت امداد فراہم کی جائے گی۔ کمیٹی نے یہ فیصلہ بھی کیا کہ اس اسکیم کے سلسلہ میں دیہاتوں میں بڑے پیمانے پر تشہیری مہم چلائی جائے۔ اس کے لئے پانچ چھ اور سات جنوری کو گرام سبھائیں منعقد کی جائیں گی۔ رعیتو بھروسہ پر عمل آوری کے بارے میں قطعی فیصلہ 4 جنوری کو کابینہ کے اجلاس میں کیا جائے گا۔

○○

سوشیل جسٹس فورم نے تلنگانہ حکومت پر زور دیا ہے کہ وہ مجالس مقامی کے انتخابات میں پسماندہ طبقات کو 42 فیصد تحفظات فراہم کرنے کے اپنے وعدہ پر عمل کریں۔ فورم نے انتباہ دیا کہ کاماریڈی ڈکلریشن پر عمل آوری کے مطالبہ پر زور دینے کے لئے ریاست گیر احتجاج کیا جائے گا۔ آج حیدرآباد کے کاچی گوڑہ میں ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے فورم کے قومی کوآرڈنیٹر اور ریاستی بی سی کمیشن کے سابق چیرمین وی کرشنا موہن راؤ نے حکومت پر زور دیا کہ وہ پسماندہ طبقات کی بہبود کے لئے نئے سال میں ٹھوس اقدامات کرے۔

○○